2024-12-21

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

-1 وزیراعظم نریندر مودی دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے آج کویت کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

-2 وزیر داخلہ امت شاہ اگرتلہ میں شمال مشرقی کونسل کے 72 ویں مکمل اجلاس میں شرکت کریں گے۔

-3 وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج راجستھان کے شہر جیسلمیر میں، GST کونسل کی 55 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گی۔

-4 عالمی صحت تنظیم نے کہا ہے کہ بھارت نے، ملک میں ملیریا کیسز اور اِس سے ہونے والی اموات میں کمی لانے میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔

-5 اور

امریکہ کے ایوان نمائندگان نے اخراجات کا ایک بل پیش کیا ہے جس کا مقصد سرکاری Shut Down کو ٹالنا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM KUWAIT VISIT

وزیراعظم نریندر مودی، کویت کے امیر شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح کی دعوت پر کویت کا دو روزہ دورہ کریں گے، جو آج سے شروع ہو رہا ہے۔ دورے کے دوران وزیراعظم کویت کی قیادت کے ساتھ تبادلہٗ خیال کریں گے۔ وزیراعظم آج کویت میں بھارتی نژاد کمیونٹی کے ساتھ بات چیت کریں گے اور ایک مزدور کیمپ کا بھی دورہ کریں گے۔ کویت کے امیر کے مہمان خصوصی کی حیثیت سے جناب مودی 26 ویں Arabian Gulf Cup کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔

وزیراعظم نریندر مودی کو Bayan پیلیس میں روایتی گارڈ آف آنر پیش کیا جائے گا، جس کے بعد وہ کویت کے امیر اور کویت کے ولی عہد کے ساتھ علیحدہ علیحدہ میٹنگیں کریں گے۔

اس کے ساتھ ساتھ کویت کے وزیراعظم کے ساتھ وفد سطح کے مذاکرات بھی ہوں گے۔

پچھلے 43 برسوں میں کسی بھارتی وزیر اعظم کا خلیجی ملک کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔ کویت فی الحال خلیجی تعاون کونسل کی قیادت کر رہا ہے، وزیر اعظم کے اِس دورے سے نہ صرف باہمی تعلقات مستحکم ہوں گے بلکہ بڑے خلیجی خطّے کے ساتھ بھارت کے رشتوں میں بھی اضافہ ہوگا۔

تفصیل مغربی ایشیاء کے ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod Kumar

وزیر اعظم کا یہ دورہ کویت کے ولی عہد شہزادے کے درمیان ستمبر میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں ایک میٹنگ اور بھارت کے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کا اگست میں کویت کے دورے کی اعلیٰ سطح کی حالیہ مصروفیات کے بعد

ہو رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کویت کے وزیر خارجہ عبداللہ الیحیٰ کے دسمبر کے عوائل میں بھارت کے حالیہ دورے نے بھی باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے میں مدد کی ہے۔

بھارت اور کویت کے درمیان 24-2023 میں کاروبار 10 بلین امریکی ڈالر سے تجاوز کر گیا اور دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات میں زبردست ترقی ہوئی ہے۔ کویت بھارت کو خام تیل اور LPG سپلائی کرنے والا ایک اہم شراکت دار ہے۔

SHAH NEC PLENARY SESSION

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج تریپورہ کی راجدھانی اگرتلہ میں شمال مشرقی کونسل NEC کی، 72ویں مکمل میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ اِس اجلاس میں شمال مشرقی خطے کی ترقی کے مرکزی وزیر جیوترا دتیہ سندھیا، شمال مشرقی خطے کی ترقی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر سُکانت مجومدار بھی شرکت کریں گے۔ اجلاس میں سبھی مشرقی ریاستوں کے گورنرس اور وزراء اعلیٰ بھی شرکت کریں گے۔

V/C Kunal Shinde

NEC کے سبھی اہم اجلاس جن میں خطے کی ترقی کو رفتار دینے پر توجہ دی گئی ہے، آج اگرتلہ میں Pragya بھون میں منعقد کیے جائیں گے۔ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ اِس جلسے کی صدارت کے علاوہ بینکرز کانکلیو کی بھی صدارت کریں گے جس میں سرکاری اداروں اور پرائیویٹ بینکوں کے سربراہان شرکت کریں گے۔ اِس کے علاوہ شمال مشرق کے اسپیس ایپلی کیشنز مرکز NESAC کی میٹنگ بھی منعقد ہوگی۔ اصل جلسے سے پہلے کَل شام ایک موضوعاتی اورتکنیکی جلسہ منعقد کیا گیا، جس کی صدارت شمال مشرقی خطے کی ترقی کے وزیر مملکت ڈاکٹر سُکانت مجومدار نے کی۔

وزارت، خطے کی متوازن، لگاتار اور سب کی شمولیت والی ترقی کے ویژن کو آگے بڑھانے میں پیش پیش رہی ہے۔

وزارت کی تخلیق، شمال مشرقی ریاستوں کے تئیں حکومت کے عزم کے تحت ایک اہم لمحہ تھا جیسا کہ خطے کو درپیش منفرد نوعیت کے چیلنجوں کو دور کرنے کے ایک خصوصی طریقہ کار کی ضرورت کو، خاطر خواہ طور پر سمجھا گیا۔

GST MEETING

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج راجستھان کے شہر جیسلمیر میں، GST کونسل کی 55 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گے۔ میٹنگ میں،اشیا اور خدمات ٹیکس سے متعلق بنیادی نوعیت کے معاملات پر توجہ دی جائے گی۔

گوا، ہریانہ، جموں و کشمیر، میگھالیہ اور اوڈیشہ کے وزراءِ اعلیٰ، اور بہار، مدھیہ پردیش، راجستھان اور تلنگانہ کے نائب وزراء اعلیٰ نیز بہت سی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزراءِ خزانہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔

ہمارے نامہ نگارنے بتایا کہ میٹنگ کے لیے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

V/C Jitendra

امید ہے کہ GST کونسل خوراک پہنچانے کی خدمات، صحت بیمہ، GST سلیب کو درپیش امکانی مسائل اور شرحوں کو معقول بنانے سے متعلق معاملات پر تبادلہ خیال کرے گی۔ امید ہے کہ اِس میٹنگ میں زندگی اور صحت بیمہ پریمئم سے متعلق GST شرحوں کو کم کرنے پر بھی بات چیت کی جائے گی۔ یہ توقع بھی کی جاتی ہے کہ اعلیٰ درجے کی گھڑیوں، جوتوں اور ملبوسات پر، ٹیکس شرحوں میں اضافے کے معاملات پر بات چیت کی جائے، اس کے علاوہ کونسل ہوائی جہاز کے ایندھن کو بھی GST کے تحت لانے پر بات چیت کی جائے گی۔ وزیر خزانہ میٹنگ کے بعد GST کونسل کے فیصلوں پر ایک پریس کانفرنس کا انعقاد کرے گی۔

CABINET

اقتصادی امور کی کابینہ کمیٹی نے 2025 سیزن کیلئے ناریل کی کم از کم امدادی قیمت کو منظوری دے دی ہے۔ کل شام نئی دلّی میں کابینہ میٹنگ کے بعد میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ NDA حکومت نے کسانوں کی بہبود کیلئے متعدد فیصلے کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے کسانوں کی زندگی کو بہتر بنانے کے NDA حکومت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ جناب ویشنو نے کہا کہ اوسط کوالٹی کے ناریل کی Milling کی کم سے کم امدادی قیمت 11 ہزار 582 روپے فی کوئنٹل جبکہ ناریل گولے کی قیمت 12 ہزار 100 روپے فی کوئنٹل مقرر کی گئی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اِس فیصلے کے نفاذ پر 855 کروڑ روپے کا مالی خرچ آئے گا۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ 2024 میں ناریل Milling کی کم سے کم امدادی قیمت 422 روپے سے کہیں زیادہ ہے جبکہ 2024 سیزن کے مقابلے میں ناریل گولے کے لیے یہ ایک سو روپے سے زیادہ ہے۔

S/B Ashvani Vaishnaw

جناب ویشنو نے کہا کہ نیشنل ایگریکلچرل کوآپریٹیو مارکیٹنگ فیڈریشن آف انڈیا لمیٹڈ (NAFED) اور نیشنل کوآپریٹیو کنزیومرس فیڈریشن (NCCF) کم سے کم امدادی قیمت کے تحت ناریل کی خریداری کی مرکزی نوڈل ایجنسیاں ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ریاستی حکومتیں اِس میں ایک بڑا رول ادا کریں گی۔ اس طرح، ریاستی حکومت کی کارپوریشنس کے تعاون کے ساتھ خریداری کی جائے گی۔

انہوں نے بتایا کہ ناریل کی پیداوار میں کرناٹک کی حصے داری سب سے زیادہ 32 اعشاریہ 7 فیصد ہے، جبکہ تمل ناڈو پیداوار میں 25 اعشاریہ 7 فیصد کی حصے داری کے ساتھ دوسرے مقام پر ہے۔ ×

LS RECOR UREA PRODUCTION

کیمیاوی مادوں اور کیمیاوی کھادوں کے وزیر جگت پرکاش نڈا نے کَل ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ یوریا کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ 15-2014 میں اِس کی پیداوار 225 لاکھ میٹرک ٹن سالانہ تھی جو 24-2023 کے دوران بڑھ کر 314 لاکھ میٹرک ٹن سالانہ سے زیادہ ہوگئی۔

وزیر موصوف نے بتایا کہ یوریا سے متعلق نئی پالیسی کی وجہ سے یہ اضافہ ہوا ہے۔x

RAHUL GANDHI DELHI POLICE

دلّی پولیس نے، کانگریس لیڈر راہل گاندھی کے خلاف پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک احتجاج کے دوران BJP کے دو ممبر پارلیمنٹ کے ساتھ مبینہ دھکا مکی کرنے اور اُنہیں زخمی کرنے کے معاملے کو مزید تحقیقات کے لیے، کرائم برانچ کو منتقل کر دیا ہے۔ BJP کی شکایت پر کانگریس لیڈر کے خلاف ایک FIR درج کی گئی تھی۔ BJP کے رکن پارلیمنٹ انوراگ سنگھ ٹھاکر نے ممبران پارلیمنٹ بانسوری سوراج اور ہیمانگ جوشی کے ساتھ جناب گاندھی کے خلاف جمعرات کو پارلیمنٹ اسٹریٹ پولیس اسٹیشن میں ایک شکایت درج کرائی تھی۔

اِس دوران خواتین کے قومی کمیشن NCW نے ناگالینڈ کی ایک خاتون ممبر پارلیمنٹ Phagnon Konyak سے کانگریس لیڈر راہل گاندھی کی مبینہ بدسلوکی کا از خود نوٹس لیا ہے۔

NCW کی چیئر پرسن وجیا راہٹکر نے، جناب گاندھی کے سلوک کی مذمت کی ہے اور لوک سبھا کے اسپیکر اور راجیہ سبھا کے چیئرمین سے پارلیمنٹ میں خواتین کے وقار کو سربلند رکھنے کے لیے فوری کارروائی کرنے کو کہا ہے۔×

ED BRS LEADER

انفورسمینٹ ڈائرکٹوریٹ نے، بھارت راشٹر سمیتی BRS کے رہنما اور سابق وزیر کے-تارَک رما راؤ، نیز دیگر کے خلاف، کالے دھن کو جائز بنانے کا ایک مقدمہ درج کیا ہے۔ اِس مقدمے کا تعلق پچھلے سال حیدرآباد میں منعقدہ فارمولہ _ ای کار ریس کے دوران رقم کی ادائیگی میں مبینہ بدعنوانیوں سے ہے۔

سرکاری ذرائع نے بتایا کہ یہ مقدمہ تلنگانہ پولیس کے اینٹی کرپشن بیورو کی طرف سے درج کی گئی ایک FIR کی بنیاد پر درج کیا گیا ہے۔

ACP نے جمعرات کو اسی سلسلے میں سابق وزیر اور سابق وزیراعلیٰ کے_چندر سیکھر راؤ اور دیگر کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ x

MP - PM JANMAN SPECIAL STORY

مدھیہ پردیش کے شیو پوری ضلعے میں، پردھان منتری جَن جاتی آدی واسی نیائے مہا ابھیان کے تحت 8 ہزار سے زیادہ مکانات تعمیر کیے جا چکے ہیں، ملک میں یہ اب تک کی سب سے زیادہ تعداد ہے۔ یہ مکانات، نل سے پانی، بجلی، سڑک اور کمیونٹی سہولیات جیسی ضروری سہولیات سے آراستہ ہیں۔ قبائلی خاتون للیتا کا گھر سب سے پہلے تعمیر ہوا ہے۔ اِس سال کے اوائل میں وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ بات چیت کے بعد پکّا مکان حاصل کرنے کا اُن کا خواب پورا ہو گیا ہے، وزیر اعظم نے نہ صرف اُن کی خواہش پوری کی ہے بلکہ کئی ضرورتمند کنبوں کو بھی گھر فراہم کیے ہیں۔

ایک رپورٹ

V/C - Sanjeev Sharma

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس سال 15 جنوری کو شیو پوری ضلعے کی Hatod گرام پنچایت میں دو Sahariya قبائلی خاتون سے بات چیت کی تھی۔ اِن میں سے ایک قبائلی خاتون للیتا آدی واسی نے وزیر اعظم نریندر مودی سے Boorda پنچایت میں ایک مکان فراہم کیے جانے کی درخواست کی تھی۔ وزیر اعظم نے، Sahariya قبائیلیوں کے اس خواب کو پورا کر دیا ہے۔ للیتا آدی واسی نے پکے مکان کے لیے وزیر اعظم کا شکریہ ادا کیا ہے۔

S/B Lalita Aadivasi

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

WHO-INDIA MALARIA

عالمی صحت تنظیم WHO نے کہا ہے کہ بھارت نے ملک میں ملیریا کے معاملے اور اس سے ہونے والی اموات میں کمی لانے میں نمایاں پیش رفت کی ہے، خصوصاً اِن ریاستوں میں، جہاں یہ بیماری بڑے پیمانے پر پھیلی ہوئی ہے۔ اسے WHO کی 2024 کی رپورٹ میں اُجاگر کیا گیا ہے۔ متعلقہ فریقوں نے برطانیہ کی پارلیمنٹ میں ایک میٹنگ کی، جس میں انہوں نے بھارت کے ان کمیونٹی صحت کارکنوں کی، جن میں بیشتر خواتین ہیں، کی ستائش کی، جنہوں نے دوردراز کے علاقوں میں ملیریا کو کم کرنے میں مؤثر کردار ادا کیا۔ رپورٹ کے مطابق، ملک گیر سطح پر، بھارت میں ملیریا کے کیسز کی تعداد تقریباً 6 اعشاریہ 4 ملین تھی اور 2023 میں یہ تعداد گھٹ کر دو ملین رہ گئی ہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس میں 69 فیصد کی نمایاں کمی آئی ہے۔

اسی طرح اس مدّت کے دوران اموات کی تعداد11 ہزار ایک سو سے گھٹ کر 3 ہزار 500 ہو گئی ہے، جس میں 68 فیصد کی کمی آئی ہے۔×

GOVT ADB

مرکز اور ایشیائی ترقیاتی بینک ADB نے، 35 کروڑ ڈالر مالیت کے، پالیسی پر مبنی قرضے سے متعلق ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ یہ قرض، لوجسٹکس کے کثیر طریقوں اور مربوط ایکو نظام کو مستحکم بنانے کے SMILE پروگرام کے تحت، دوسرے ذیلی پروگرام کا حصہ ہے۔ اِس پروگرام کا تعلق، ملک کے لوجسٹکس کے شعبے میں حکومت کی طرف سے کی جانے والی بہت سی اصلاحات سے ہے۔ یہ پروگرام دو ذیلی پروگراموں پر مشتمل ہے، جن کا مقصد مصنوعات سازی کو فروغ دینا اور سپلائی چین کو مزید مستحکم بنانا ہے۔

قرض کے اِس معاہدے پر کُل اقتصادی امور کے محکمے، صنعت اور گھریلو تجارت کے فروغ کے محکمے اور ADB نے دستخط کیے۔

کامرس اور صنعت کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ بھارت کے لوجسٹکس کے شعبے کی ترقی، اِس کی مصنوعات سازی کے شعبے کی مقابلہ جاتی صلاحیت میں اضافے کے لیے لازمی ہے۔

وزارت نے یہ بھی کہا کہ بھارت اور ADB کے درمیان اشتراک سے، لوجسٹکس شعبے میں ترقی اور اختراع کو فروغ دینے کے ایک مشترکہ عزم کا اظہار ہوتا ہے جس سے بھارت کے اقتصادی ترقی کے وسیع تر مقاصد کو مدد ملتی ہے۔x

US SHUTDOWN

امریکی نمائندگان نے اخراجات سے متعلق ایک بل کو منظوری دی ہے۔ یہ بل سرکاری Shut down کو ٹالنے کے مقصد سے، آخری مدت ختم ہونے سے محض کچھ گھنٹے پہلے منظور کیا گیا ہے۔

ڈیموکریٹ ارکان نے ریپبلیکن ارکان کا ساتھ دیا تاکہ اِس بل کے نفاذ کو وفاقی حکومت کے فنڈ سے، اگلے سال مارچ کے وسط تک آگے بڑھایا جا سکے۔ اِس بل کو 34 کے مقابلے 366 ووٹوں سے منظوری دی گئی، جس میں ڈیموکریٹ ارکان نے ریپبلیکن امیدواروں سے زیادہ ووٹ دیے۔x

IMD - COLDWAVE

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے، اگلے پانچ روز کے دوران جموں و کشمیر، ہماچل پردیش میں سخت سردی کے حالات رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ پنجاب اور راجستھان میں بھی، پیر تک اسی طرح کے حالات رہیں گے۔ موسمیات سے متعلق ایجنسی نے، ہماچل پردیش، مشرقی راجستھان اور جھارکھنڈ میں کل تک دور دور تک دیر رات اور صبح سویرے گھنا کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیاتکے دفتر نے کہا ہے کہ دلّی NCR میں اگلے دو روز کے دوران شام اور رات کے وقت میں دھواں اور دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ توقع ہے کہ آئندہ 4 روز کے دوران وسطی بھارت میں کم از کم درجۂ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سیلسیسکا اضافہ کا امکان ہے۔ اِس دوران دلّی NCR میں آج صبح کہرے کی ہلکی پرت چھائے رہی۔×

PRESIDENT AT HOME

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے، کل شام سکندرآباد میں راشٹرپتی Nilayam میں ایک خصوصی "At Home" تقریب کی میزبانی کی۔ اِس تقریب میں، جو حیدرآباد میں، صدر کے سرمائی موسم میں عارضی قیام کے موقع پر منعقد کی گئی تھی، ریاست اور ریاست سے باہر کی سرکردہ سیاسی اور قانونی شخصیات نے شرکت کی۔

تلنگانہ کے گورنر Jishnu Dev Verma ہریانہکے گورنر بندارو دتّاتریہ اور تلنگانہ کے وزیر اے-ریوَنت رَیڈّ ی نے اِس تقریب میں شرکت کی۔ اس کے علاوہ قانون ساز کونسل کے چیئرمین Gutta Sukender رَیڈّ ی، تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور جسٹس آلوک آرادھیہ بھی اس شاندار تقریب میں شامل ہوئے۔ کئی ریاستوں کے وزراء، منتخب نمائندے اور سینئر عہدیدار بھی اس موقع پر موجود تھے۔

صدر جمہوریہ Southern Sojourn آج ختم ہو جائے گا۔

VP-CHANDIGARH

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ آج چنڈی گڑھ میں پنجاب یونیورسٹی کے پانچویں Global Alumni Meet کا افتتاح کریں گے۔ نائب صدر جمہوریہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر بھی ہیں۔ جناب دھنکڑ آج چنڈی گڑھ کا ایک دن کا دورہ کریں گے۔×

GERMANY KILLED

جرمنی کے شہر Magdeburg میں، کم از کم دو افراد ہلاک اور دیگر 60 اُس وقت زخمی ہو گئے، جب کار کے ڈرائیور نے ایک کرسمس مارکیٹ میں عوام کی بڑی بھیڑ کو روند ڈالا۔ سرکار کے ایک علاقائی ترجمان نے اس حادثے کو ایک حملہ قرار دیا۔ جرمنی کے عوامی نشریے کے مطابق کار کے مشتبہ ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ حکام نے بتایا کہ 15 افراد شدید طور پر زخمی ہوئے ہیں۔ جرمنی کی چانسلر Olaf Scholz نے متاثرین اور اُن کے کنبوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔×

U-19 WOMENS ASIA CUP

خواتین کرکٹ میں، 19 سال سے کم عمر کی خواتین کے ٹی ٹوئنٹی ایشیا کپ کے فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ بنگلہ دیش سے ہوگا۔ یہ میچ ملیشیا کے شہر کولا لامپور میں بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے سے کھیلا جائے گا۔

کل بھارت نے ایک سُپر چار میچ میں سری لنکا کو 4 وکٹ سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی ہے۔ بھارتی ٹیم نے جیت کے لیے دیے گئے 99 رن کے نشانے کو محض 14 اعشاریہ پانچ اوورس میں حاصل کرلیا۔

اس سے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سری لنکا نے 9 وکٹ کے نقصان پر مقررہ 20 اوورس میں 78 رن بنائے تھے۔

ایک دوسرے سُپر چار میچ میں بنگلہ دیش نے نیپال کو 9 وکٹ سے ہرایا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ - اسلم

راجدھانیدلّ ی سے شائع ہونے والے آج کے اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ہندوستان ایکسپریس نے لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے سرمائی اجلاس کے اختتام پذیر ہونے سے متعلق خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ خبروں کے مطابق لوک سبھا میں 20 اور راجیہ سبھا میں 19 اجلاس ہوئے اور 4 بلوں کو منظوری ملی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کالج آف ڈیفینس مینجمنٹ سکندرآباد کو باوقار پرچم پیش کیا۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ ہماری مسلح افواج کے اہلکاروں کو جدید ترین تکنیکی ترقی کے ساتھ بدلتے ہوئے آپریشنل حرکات سے باخبر رہنے کی ضرورت ہے۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اولیت دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی کے آج کویت کے دورے پر روانہ ہونے کی خبر پر خصوصی توجہ دی ہے۔ امیر کویت کی دعوت پر ان کا یہ دورہ ہو رہا ہے۔ اخبار کے مطابق جناب مودی وہاں مختلف تقاریب میں شرکت کریں گے۔

آج کے بیشتر اخباروں نے ہریانہ کے سابق وزیر اعلیٰ اوم پرکاش چوٹالہ کے انتقال اور جے پور میں ہوئے بھیانک سڑک حادثے سے متعلق خبروں کو پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اس حادثے میں کئی افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوئے ہیں۔

ون نیشن ون الیکشن بل پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی JPC کو بھیجا گیا۔ پارلیمانی امور کے وزیر، اپوزیشن لیڈروں سے ملاقات کریں گے۔ ان خبروں کو روزنامہ پرتاپ، ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے اجاگر کیا ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی دو طرفہ تعلقات کو مستحکم کرنے کے لیے آج کویت کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

2- وزیر داخلہ امت شاہ اگرتلہ میں شمال مشرقی کونسل کے 72 ویں مکمل اجلاس میں شرکت کریں گے۔

3- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج راجستھان کے شہر جیسلمیر میں، GST کونسل کی 55 ویں میٹنگ کی صدارت کریں گی۔

4- عالمی صحت تنظیم نے کہا ہے کہ بھارت نے، ملک میں ملیریا کیسز اور اِس سے ہونے والی اموات میں کمی لانے میں قابل ذکر پیش رفت کی ہے۔

5- اور امریکہ کے ایوان نمائندگان نے اخراجات کا ایک بل پیش کیا ہے جس کا مقصد سرکاری Shut Down کو ٹالنا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------